URDU

**NYC Consumer and Worker Protection**

*یہ اشاعت 18 جون 2020 تک کی معلومات پر مشتمل ہے۔*
*اضافی معلومات کے لیے براہ کرم [مرحلہ 1 کے رہنما خطوط](nyc.gov/workers) **nyc.gov/workers** پر ملاحظہ کریں۔*
*اپ ڈیٹس کے لیے براہ کرم **nyc.gov/workers** پر نگاہ رکھے رہیں۔*

# NYC دوبارہ کھولنے کا مرحلہ 2: کارکنان کو جو کچھ جاننے کی ضرورت ہے

پیر، 22 جون 2020 سے، مرحلہ 2 کے حصے کے تحت، نیویارک سٹی میں درج ذیل کاروبار دوبارہ کھل سکتے ہیں۔

- کمرشیل بلڈنگ مینیجمنٹ
- ہیئر سیلونز اور نائی کی دکانیں
- ان اسٹور ریٹیل
- دفاتر
- آؤٹ ڈور اور ٹیک آؤٹ/ڈیلیوری فوڈ سروسز
- ریئل اسٹیٹ
- ریٹیل رینٹل، مرمت اور صفائی
- گاڑیوں کی فروخت، لیز اور رینٹلز

اگر آپ کسی احاطہ شدہ کاروبار میں کام کرتے ہیں تو کچھ عمومی اور صنعت کے ساتھ مخصوص تقاضے کے مدنظر یہ اشاعت پڑھیں جن پر آپ کے آجر کو عمل کرنا ضروری ہوگا۔ تفصیلی رہنمائی **forward.ny.gov** پر موجود ہے۔ دوبارہ کھولنے، کام کی جگہ میں صحت و سلامتی کے رہنما خطوط سے متعلق سوالات کے ساتھ، یا کسی ایسے آجر کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے جو دوبارہ کھولنے کے تقاضوں کو پورا نہیں کر رہا ہے آپ کارکن کے تحفظ سے متعلق ہاٹ لائن (Worker Protection Hotline) کے لیے **311** پر یا **1-212-436-0381** پر کال کر سکتے ہیں۔

## عمومی تقاضے جن پر کاروبار دوبارہ کھولنے پر تمام آجروں کو عمل کرنا ضروری ہے

| | |
|---|---|
| **مواصلت اور اسکریننگ** | • **اپنے کام کی جگہ میں ایسا حفاظتی منصوبہ شائع کریں جہاں آپ اسے دیکھ سکتے ہیں۔**<br>• **تحفظ اور حفظان صحت کے پروٹوکولز پر خود کو اپنے ساتھی کارکنان کو تربیت دیں۔**<br>• **ہر روز ملازم کی ہیلتھ اسکریننگ کروائیں۔**<br>آپ کے آجر پر ایسے ملازموں کو گھر بھیج دینا لازم ہے جو بیمار ہیں یا بیمار ہو جاتے ہیں۔<br>• **ملازمین اور عوام کے لیے تحفظ اور حفظان صحت کے پروٹوکولز کے مدنظر نشانات شائع کریں۔** |
| **حفاظتی آلات** | • **خود کو اور اپنے ساتھی کارکنوں کو مفت فیس کورنگ دیں اور متبادل اشیاء فراہم کریں۔**<br>آپ کے آجر پر آپ کو اور آپ کے ساتھی کارکنان کو حفاظتی آلات کو استعمال، صاف اور ضائع کرنے کے طریقے کی بابت تربیت دینا لازم ہے۔<br>آپ کے آجر پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ ملازمین اس وقت اندرون میں فیس کورنگ پہنتے ہیں جب 6 فٹ کی دوری ممکن نہیں ہو۔ |
| **حفظان صحت، صفائی اور جراثیم ربائی** | • **اہلکاروں کے لئے ہاتھوں کی حفظان صحت کے اسٹیشنز فراہم کریں اور ان کی دیکھ بھال کریں،** جن میں صابن، پانی، اور کاغذ کے تولیوں سے ہاتھ دھونا، نیز الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر جس میں 60 فیصد یا اس سے زیادہ الکحل ہوتا ہے ان علاقوں میں رکھنا جہاں ہاتھ صاف کرنا ممکن نہیں ہے، شامل ہیں۔<br>• **عمومی جگہوں، اور زیادہ ٹچ ہونے والی سطحوں اور چیزوں کی کثرت سے، اور کم از کم روزانہ باقاعدگی سے صفائی اور جراثیم ربائی کریں۔**<br>مثالوں میں کیبنٹ پُلز، کرسی کے آرام بازو،دروازے کے دستے، ایلیویٹرز، دستی سہارے، بجلی کے سوئچ، لابی، میٹنگ والی میزیں، ریفریجریٹر کے دروازے کے دستے اور آرام گاہیں شامل ہیں۔<br>• **آلات اور ٹولز کی شیئرنگ کو محدود کریں اور ہر استعمال کے بعد ورک اسٹیشنز، آلات، اور ٹولز کی باقاعدگی سے صفائی اور جراثیم ربائی کریں۔**<br>مثالوں میں کمپیوٹرز، ٹیلیفونز، نقدی والے رجسٹر، کچن کے سامان، سنگار کے ٹولز شامل ہیں۔<br>اگر آلات کو امکانی نقصان کی وجہ سے آلات کی شیئرنگ کو محدود کرنا یا ان کی صفائی کرنا ممکن نہ ہو تو، آپ کے آجر پر لازم ہے کہ ملازمین سے دستانے پہننے کا تقاضا کرے۔ |

| | |
|---|---|
| **حفظان صحت، صفائی اور جراثیم ربائی** | • **شیئر کردہ کھانے اور مشروب، کافی کے برتن اور آسائشات جیسے سیلف سروس والے بار، وینڈنگ میشنوں اور سیمپلرز کے استعمال کو ممنوع قرار دیں۔** |
| **جسمانی دوری** | • **لوگوں کو یہ دکھانے کے لیے کہ کہاں کھڑا ہونا ہے، نشانات شائع کریں اور ٹیپ یا دیگر مارکرز لگائیں تاکہ افراد کے بیچ 6 فٹ کی دوری یقینی ہو جائے۔**<br>• **جب گاہک* اور ملاقاتی دوسروں سے 6 فٹ سے کم فاصلے پر ہوں تو ان سے فیس کورنگ پہننے کا مطالبہ کریں۔**<br>آپ کا آجر گاہکوں کے لئے فیس کورنگ لگانے کے بارے میں سخت قوانین طے کر سکتا ہے، جس میں فیس کورنگ نہیں لگانے والوں کے لئے سروس سے انکار بھی شامل ہو سکتا ہے۔<br>*ان اسٹور ریٹیل کے لیے، گاہکوں کو ہمہ وقت فیس کورنگ پہننا لازم ہے۔<br>• **اندرون میں مشترکہ تصرف — کارکنان، گاہکوں، ملاقاتیوں — کو کسی حصے میں زیادہ سے زیادہ گنجائش کے 50% تک محدود کریں۔**<br>چھوٹی جگہوں، جیسے ایلیویٹرز، گاڑیوں، اسٹاک رومز اور نقدی والے رجسٹروں کے پیچھے کے حصوں کے لیے، آپ کے آجر کو چاہیے کہ تصرف کو ایک فرد تک محدود کرے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو آپ کے آجر کو چاہیے کہ تصرف کو زیادہ سے زیادہ گنجائش کے 50% سے کم تک محدود کرے اورفیس کورنگ کا مطالبہ کرے۔<br>چھوٹے حصوں جیسے آرام والے کمروں اور وقفے والے کمروں کے لیے، آپ کے آجر کو چاہیے کہ تصرف کو ممنوع قرار دینے کے لے علامتی تختی شائع کرے۔<br>*آؤٹ ڈور اور ٹیک آؤٹ/ڈیلیوری فوڈ سروسز کے لیے خصوصی تقاضے دیکھیں۔<br>• **شخصی ملاقاتوں کو زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک محدود کریں۔**<br>• **شخصی رابطہ کو زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک محدود کرنے کیلئے ڈیلیوری اور پک اپ کے لیے متعین حصے طے کریں۔**<br>• **تمام غیر لازمی عمومی حصے جیسے پول، جم اور گیم روم بند کر دیں۔** |

## کمرشیل بلڈنگ مینیجمنٹ کے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- *(دوبارہ کھولنے سے پہلے)* سسٹمز بشمول لیکن بلا تحدید میکانکی پانی، HVAC اور ایلیویٹرز کی واپسی سے قبل کی جانچ مکمل کرے تاکہ صحت مند اور محفوظ ماحول کو یقینی بنایا جائے۔

## ہیئر سیلون اور نائی کی دکانوں کے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- نشست کا انتظام اس طرح کریں کہ گاہک 6 فٹ الگ ہوں۔
- اگر ممکن ہو تو انتظار گاہیں اور لائنیں بند کریں۔ *اگر آپ تشریف لانے والے گاہک کی خدمت اسی وقت انجام نہیں دے سکتے تو گاہک کو واپسی کا وقت دیں۔*
- تمام غیر ضروری آسائشات جیسے پانی کے فوارے، پڑھنے/رسالے والے حصے اور پروڈکٹ کے نمونے بند کر دیں۔
- جب آپ گاہکوں کے ساتھ کام کر رہے ہوں تو فیس کورنگز کے علاوہ یا تو فیس شیلڈ یا حفاظتی چشمے فراہم کریں۔
- ملازموں سے گاہکوں کے آس پاس فیس کورنگ پہننے کا تقاضا کریں چاہے وہ 6 فٹ سے زیادہ الگ ہوں۔
- ملازمین سے صاف اسموکس یا گاؤن پہننے اور گاہکوں کے ساتھ کام کرنے سے پہلے اور اس کے بعد دستانے استعمال کرنے یا ہاتھوں کو دھونے کا تقاضا کریں۔ *ہر اپائنٹمنٹ کے بعد دستانے بدل دیں۔ گاہکوں کے لیے اسموکس یا دیگر کورنگ قابل ضیاع ہونا چاہیے یا، اگر ناقابل ضیاع ہو تو، ہر استعمال کے بعد اس کی صفائی اور جراثیم ربائی ہونی چاہیے۔*
- ملازم اور گاہک کے استعمال کے لیے پورے سیلون میں ہینڈ سینیٹائزر رکھیں۔
- یقینی بنائیں کہ ملازمین گاہکوں کے بیچ کم از کم ہر 20 منٹ پر ہاتھوں کو دھوتے ہیں۔

- جب تک گاہک فیس کورنگ نہیں پہنے ہوں تب تک داخلہ ممنوع قرار دیں اور داڑھی تراشنے جیسی خدمات ممنوع قرار دیں جس میں گاہک کے لیے فیس ماسک اتارنا مطلوب ہوگا۔
- مشترک حصوں اور سطحوں کو چھونے سے پہلے اور اس کے بعد استعمال کے لیے صفائی اور جراثیم ربائی والی رسد فراہم کریں۔ *ورک اسٹیشنز اور ٹولز جیسے کرسیوں، برش اور قینچیوں کی جراثیم ربائی کے لیے آپ کو اپائنٹمنٹس کے بیچ کم از کم 15 منٹ کا وقت رکھنا چاہیے۔ ٹولز کی شیئرنگ محدود ہونی چاہیے۔*

## ان اسٹور ریٹیل کے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- شخصی رابطہ کم کریں: مثلاً، افرادی قوت کو صرف لازمی ملازمین تک محدود کر کے۔
- عمومی حصوں جیسے وقفے والے کمروں اور اسٹور کے گلیاروں میں 6 فٹ کی دوری یقینی بنانے کے لیے مارکرز شائع کریں۔
- ملازم اور گاہک کے استعمال کے لیے فٹنگ والے کمروں میں صفائی اور جراثیم ربائی والی رسد رکھیں۔
- ملازمین سے چیک آؤٹ والے رجسٹروں کے وقت فیس ماسک پہننے کا تقاضا کریں اور طبعی رکاوٹیں جیسے پلاسٹک شیلڈ کی دیواریں کھڑی کریں۔
- غذائی پروڈکٹس کو ہاتھ لگاتے وقت ملازمین سے دستانے پہننے کا تقاضا کریں۔
- ملازم اور گاہک کے استعمال کے لیے پورے اسٹور میں ہینڈ سینیٹائزر رکھیں۔

## دفاترکے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- شخصی رابطہ کم کریں: مثلاً، جائے کار کے اوقات کو ایڈجسٹ کر کے، افرادی قوت کو صرف لازمی ملازمین تک محدود کر کے، اور شیڈول کو الگ الگ کرکے۔
- یقینی بنائیں کہ کارکنان عمومی حصوں جیسے لابی اور ایلیویٹرز میں فیس کورنگ پہنتے ہیں۔
- آلات جیسے لیپ ٹاپس، ٹیلیفون اور لکھنے کے آلات کی شیئرنگ محدود کریں؛ ملازمین جتنی بار بھی ورک اسٹیشنز تبدیل کریں آلات کو صاف کریں اور صارفین کے بیچ ورک اسٹیشنز کی جراثیم ربائی کریں۔ *کارکنان کو چاہیے کہ دستانے پہنیں اور مشترکہ آلات استعمال کرنے کے بعد ہاتھوں کو دھوئیں۔*

## آؤٹ ڈور اور ٹیک آؤٹ / ڈیلیوری فوڈ سروسز کے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- یقینی بنائیں کہ گاہک ہمہ وقت فیس کورنگ پہنتے ہیں، بشرطیکہ ان کی عمر 2 سال سے زیادہ ہو اور وہ فیس کورنگ کو برداشت کرنے پر قادر ہوں۔
- جہاں بھی کوئی لائن لگتی ہے وہاں، بشمول آرام والے کمروں میں، آرڈر پک اپ یا ادائیگی کے مقامات پر 6 فٹ کی دوری کا نشان لگائیں۔
- جہاں ممکن ہو وہاں گاہکوں اور ملازمین کے لیے علیحدہ داخلہ اور نکاسی کے راستے متعین کریں۔
- کچن کے ٹولز اور آلات جیسے برتن اور تسلے کی شیئرنگ محدود کریں یا آئٹمز استعمال کرنے سے پہلے اور اس کے بعد کارکنان سے دستانے پہننے یا ہاتھوں کو دھونے کا تقاضا کریں۔
- یقینی بنائیں کہ ملازمین ریاستی اور مقامی سینیٹری کوڈز پر عمل کرتے ہیں۔ *دستانے پہننے والے ملازمین کو انہیں کثرت سے اور کاموں کو سوئچ کرنے کے بعد بدلنا چاہیے۔ دستانے نہیں پہننے والے ملازمین پر ہاتھوں کو صابن اور پانی سے کثرت سے دھونا لازم ہے۔*
- گاہکوں کو متنبہ کرنے کے لیے بزر جیسے آلات صرف اس وقت استعمال کریں جب نشست دستیاب ہو بشرطیکہ ہر استعمال کے بعد آلات کی صفائی اور جراثیم ربائی ہو سکے؛ ناقابل ضیاع مینو، سلورویئر، مسالے کے ڈبوں کی ہر استعمال کے بعد صفائی اور جراثیم ربائی کریں۔
- *(ٹیک آؤٹ/ڈیلیوری)* کھانے اور/یا مشروبات کے منتظر گاہکوں کے لیے ہاتھ کے حفظان صحت والے اسٹیشن فراہم کریں اور یقینی بنائیں کہ اگر پک اپ/ڈیلیوری اندرون میں ہو تو ہوا داری کے مدنظر کھڑکیاں/دروازے کھلے ہوئے ہیں۔
- میزیں محدود اور منظم کریں تاکہ گاہک دوسری میزوں، گزرگاہوں یا گلیاروں سے 6 فٹ الگ ہوں۔ اگر جگہ بنانا ممکن نہ ہو تو، آپ کے آجر پر طبعی رکاوٹیں کھڑی کرنا لازم ہے۔
- اندرون میں ڈائننگ اور نشست کی جگہیں بند کریں لیکن اندرون میں دوری والے مارکرز استعمال کریں تاکہ گاہک آرام والے کمروں، بیرون میں نشست یا ادائیگی کے مقام تک رسائی حاصل کر سکیں۔

- مشترک حصوں اور سطحوں کو چھونے سے پہلے اور اس کے بعد استعمال کے لیے صفائی اور جراثیم ربائی والی رسد فراہم کریں۔
- *(دوبارہ کھولنے سے پہلے)* صحت مند اور محفوظ ماحول یقینی بنانے کے لیے کچن سسٹمز کی واپسی کے بعد کی جانچیں اور تشخیصات مکمل کریں۔
- میز پر نشست کو زیادہ سے زیادہ 10 ایسے گاہکوں تک محدود کریں جو اسی فریق کی جانب سے ہوں چاہے اسی گھرانے کے نہ ہوں۔ *عمومی میزوں کی صرف تبھی اجازت ہے جب مختلف فریق 6 فٹ الگ ہوں۔*

## ریئل اسٹیٹ کے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- کپڑے، گھر کے بنے ہوئے، یا قابل ضیاع فیس کورنگ کو محدود کریں اگر سرگرمی مزید سخت حفاظتی آلات (PPE) کی متقاضی ہو اور وہ PPE مفت فراہم کریں۔
- نشست کے حصوں کا نظم کریں تاکہ کارکنان یا مکین کم از کم 6 فٹ الگ ہوں۔
- شخصی رابطہ کم کریں: مثلاً، جائے کار کے اوقات کو ایڈجسٹ کر کے، افرادی قوت کو صرف لازمی ملازمین تک محدود کر کے، اور شیڈول کو الگ الگ کرکے۔
- جگہ ریزرو کریں تاکہ کارکنان کھانا کھاتے وقت سماجی دوری کا مشاہدہ کریں۔
- گھر دکھانے کی صرف غیر مقبوضہ املاک میں یا جب موجودہ مکین موجود نہ ہو تب اجازت دیں؛ بہت زیادہ لوگوں سے بچنے کے لیے شو بازی کو الگ کریں؛ اور ہر شو کے بعد زیادہ ٹچ ہونے والے حصوں کو صاف کریں۔

## ریٹیل رینٹل، مرمت اور صفائی کے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- شخصی رابطہ کم کریں: مثلاً، ، افرادی قوت کو صرف لازمی ملازمین تک محدود کر کے، اور گاہک کی بھیڑ کو منتشر کرنے کے لیے ریٹیل کے اوقات کو ایڈجسٹ کرکے۔
- انتظار گاہوں کو بند کرنے پر غور کریں اور جہاں گاہکوں کو انتظار کرنا پڑ سکتا ہو وہاں دکان کے باہر 6 فٹ کی دوری بتانے والے نشانات شائع کریں۔
- ملازم اور گاہک کے استعمال کے لیے فٹنگ والے کمروں میں صفائی اور جراثیم ربائی والی رسد رکھیں۔
- یقینی بنائیں کہ جہاں سفر مطلوب ہو اور گاڑی میں ایک سے زیادہ ملازم ہو وہاں تمام ملازمین فیس کورنگ پہنتے ہیں۔
- ملازم اور گاہک کے استعمال کے لیے پورے اسٹور میں ہینڈ سینیٹائزر رکھیں۔
- ہر استعمال اور مقام کے بیچ ویکیوم اور بالٹی جیسے تمام آلات کو سینیٹائز کریں *(ان ہوم صفائی کے لیے)*۔

## گاڑیوں کی فروخت، لیز اور رینٹلزکے لیے تقاضے

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- شخصی رابطہ کم کریں: مثلاً، ، افرادی قوت کو صرف لازمی ملازمین تک محدود کر کے، اور گاہک کی بھیڑ کو منتشر کرنے کے لیے ریٹیل کے اوقات کو ایڈجسٹ کرکے۔
- ٹیسٹ ڈرائیو پر گاہک کے ساتھ آنے والے ملازمین سے فیس کور پہننے کا تقاضا کریں اور گاہک سے سب سے دور والی نشست پر بیٹھیں۔ *ایک سے زائد شخص کی متقاضی ٹیسٹ ڈرائیوز کے لیے، ہر کسی پر فیس کورنگ پہننا لازم ہے۔*
- انتظار والے حصوں میں نشست کا انتظام کریں تاکہ گاہک 6 فٹ الگ ہوں۔
- ہر گاڑی کے اندر اور باہر نیز گاڑی کی کنجیوں کی صفائی اور جراثیم ربائی کریں قبل اس سے کہ گاہک گاڑی یا پک اپ کی ٹیسٹ ڈرائیو کرے یا گاڑی واپس کرے۔
- کوڑے دانوں کو عمارت کے آس پاس رکھیں تاکہ لوگ ٹھوس آئٹمز، بشمول PPE ضائع کر سکیں۔